نمبر (۴۸) جلد (۱۸)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	قواعد بابت انسداد بھگا لیجانے عورتون و بچون کے -	۲۸۱
۲	منظوری فہرست گوشت [illegible] -	۲
۳	" گوشت [illegible] -	"
۴	اضافہ مشاہرہ [illegible] آبادی -	۲۸۲
۵	تقرری [illegible] پرشاد -	۳
۶	رخصت [illegible] -	"
۷	ترمیم [illegible] -	"
۸	[illegible] ریاست [illegible] -	"
۹	[illegible] -	۴
۱۰	رخصت [illegible] -	"
۱۱	اضافہ منشی سلطان احمد خان [illegible] -	"
۱۲	رخصت منشی عبد [illegible] -	"
۱۳	ہدایات [illegible] -	"
۱۴	نقشہ [illegible] اجلاس و نقشہ [illegible]	ضمیمہ

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء

چونکہ قرین مصلحت ہے کہ بعض قواعد انٹرنیشنل کونشن سنہ ۱۹۲۱ء کو (نسبت انسداد بھگا لیجانے عورتون اور بچون کے) ریاست ہذا مین نافذ کیا جائے۔ لہذا احکام ذیل نافذ کئے جاتے ہین۔

دفعہ (۱) روبکار ہذا کا نفاذ ریاست ہذا مین یکم دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء سے ہوگا۔

دفعہ (۲) مجموعہ تعزیرات ہند ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ء مین (جو ریاست ہذا مین بحکم ریاست نافذ ہی) حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے۔

(الف) دفعہ ۳۶۲ اور دفعہ ۳۶۳ مجموعہ تعزیرات ہند مین بجائے لفظ "سولہ" کے لفظ "اٹھارہ" قائم کئے جائین۔

(ب) مجموعہ مذکور کی دفعہ ۳۶۶ مین حسب ذیل عبارت اضافہ کیجائے "اور اگر کوئی شخص بذریعہ تخویف مجرمانہ (جسکی تعریف اس مجموعہ مین کی گئی ہے) یا اجراے اختیار ناجائز یا کسی اور طریقہ جبر سے کسی عورت کو کسی جگہ سے چلے جانے کے لئے پھسلائیگا۔ اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ وہ کسی اور مرد سے جماع ناجائز کے واسطے مجبور کیجائیگی۔ یا پھسلائی جائیگی تو وہ بھی سزاے مذکورہ بالا کا مستوجب ہوگا"

(ج) مجموعہ مذکور کی دفعہ ۳۶۶ کے بعد حسب ذیل دفعات اضافہ کیجائین۔

نابالغ لڑکی کی دلالی

دفعہ ۳۶۶ الف۔ اگر کوئی شخص خواہ کسی طریقہ سے کسی نابالغ لڑکی کو جسکی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو۔ کسی جگہ سے چلے جانے کے لئے یا کوئی اور کام کرنے کے لئے پھسلائیگا۔ اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ لڑکی مذکور کسی اور مرد سے

جاۓ ناجائز کے واسطے مجبور کیجائیگی یا پُھسلائی جائیگی تو وہ سزاۓ قید کا مستوجب ہوگا جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے اور جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعہ ۳۶۶ ب۔ اگر کوئی شخص حدود ریاست میں برٹش انڈیا سے یا کسی ریاست واقع انڈیا سے کسی لڑکی کو جسکی عمر اکیس سال سے کم ہو اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے لائیگا کہ لڑکی مذکور کسی اور مرد سے جماع ناجائز کیواسطے مجبور کیجائیگی یا پُھسلائی جائیگی یا بشرطیکہ لڑکی مذکور اسی نیت یا علم سے ہندوستان میں لائی گئی ہو خواہ ہندوستان میں لانیوالا شخص مذکور ہو یا اور کوئی شخص تو وہ شخص سزاۓ قید کا مستوجب ہوگا جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

(د) مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء کے (جو ریاست ہذا میں بحکم ریاست نافذ ہے) ضمیمہ دوم میں بعد مضمون دفعہ ۳۶۶ متعلقہ مجموعہ تعزیرات ہند حسب ذیل مضمون درج کیا جاۓ۔

الف ۳۶۶	نابالغ لڑکی کی دلالی	بے وارنٹ گرفتار کرسکتا ہے	وارنٹ	قابل ضمانت نہیں ہے	قابل راضی نہیں ہے	قید ہر دو اقسام میں سے کسی قسم کی دس برس اور جرمانہ	عدالت سیشن
ب ۳۶۶	لڑکی کا غیر ملک یا ریاست سے منگانا	″	″	″	″	″	″

دفعہ (۳) حسب آرٹیکل (۱) انٹرنیشنل اگریمنٹ ۱۹۰۴ء براۓ اغراض آرٹیکل (۲) انٹرنیشنل کنونشن ۱۹۱۰ء صاحب چیف سکریٹری بہادر کو "اتھارٹی" موافق آرٹیکل (۱) انٹرنیشنل اگریمنٹ ۱۹۰۴ء مقرر کیا جاتا ہے۔ ہر سزایابی جرم دفعات ۳۶۶ الف و ۳۶۶ ب مجموعہ تعزیرات ہند کی اطلاع بذریعہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر صاحب چیف سکریٹری بہادر کے پاس بھیجی جائیگی اور صاحب چیف سکریٹری بہادر وہ اطلاع برٹش انڈیا کے ذی اقتدار اتھارٹی کے پاس بھیجیں گے۔ جو حسب آرٹیکل (۱) ۱۹۰۴ء محولہ بالا مقرر ہو۔

حکم ہوا کہ

بنا بر اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ جملہ عدالتہاۓ فوجداری شہر و تحصیلات کو ایک ایک نقل بھیجی جاۓ۔ اور چار ہفتہ تک گزٹ میں ایک نقل شائع کیجاۓ

۵ نومبر ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

منظوری ٹھیکہ گوشت

۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ گوشت بکری فی راس مبلغ ... و بھیڑی فی راس مبلغ ... بنابر مصارف باورچیخانہ انگریزی خاصہ بنام ... ساکن شہر بریلی من ابتداء اگست ۱۹۲۶ء لغایتہ جولائی ۱۹۲۷ء

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ گوشت بکری و بھیڑی مصارف خاصہ من ابتداء اگست ۱۹۲۶ء لغایتہ جولائی ۱۹۲۷ء بنابر یک سال منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

براۓ اجراء احکام ضابطہ صادر ہو۔ ۱۰ نومبر ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ گوشت

۲۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ گوشت بزبہ ترخانی من ... بنابر مصارف مہمانان باورچیخانہ ہندوستانی من ابتداء مئی ۱۹۲۶ء لغایتہ اپریل ۱۹۲۷ء بنام محمد جان و مشتاد حسین و علی حسین قصابان بشرائط سابقہ۔

حکم

ٹھیکہ گوشت بزبہ باورچیخانہ ہندوستانی مصارف مہمانان ترخانی من ... براۓ یکسال بنام محمد جان و مشتاد حسین بپابندی شرائط مندرجہ عرضداشت منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۱ اکتوبر ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ نومبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر دربارہ صدور ... گشت روزانہ حاجی ... حسین خان ... بوجہ تفویض کام ...

نو آبادی از نامبردہ اور شامل تنخواہ کئے جاتے پانچ روپیہ ماہوار منجملہ
سات روپیہ ماہوار الاؤنس بتخفیف بقیہ دو روپیہ الاؤنس مع رپورٹ
تحصیلدار صاحب بلاسپور۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ عنایت حسین خان منصرم نو آبادی کے الاؤنس سات روپیہ ماہوار میں دو روپیہ کی تخفیف ہو کر پانچ روپیہ ماہانہ تنخواہ میں اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ آیندہ پچیس روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی الاؤنس کچھ نہ ملیگا کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری کے پاس بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب نقل حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ سررشتہ صدر سے جاری ہوں۔ ۱۵ نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۸ نومبر ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن کی جگہ پر ڈاکٹر دریا پرشاد کا تقرر حسب حکم منظور شدہ ۱۵ نومبر ۱۹۲۹ء سے منظور ہے۔ ابتدائی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار ملیگی کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جناب عالی

ڈاکٹر کاظم علی سب اسسٹنٹ سرجن کی جگہ خالی ہے اس جگہ پر تقرر کے لئے چیف میڈیکل افسر صاحب نے ڈاکٹر دریا پرشاد ایل ایم پی سب اسسٹنٹ سرجن ساکن رامپور کے تقرر کی رپورٹ کی ہے۔ ڈاکٹر دریا پرشاد کو حسب حکم منظور شدہ اجلاس ہمایوں ابتدائی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار ملیگی ۱۵ نومبر ۱۹۲۹ء سے تقرر کی چیف میڈیکل افسر صاحب نے رپورٹ کی ہے۔ لہذا عرضداشت بتائید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد

تحریر دستخط صاحب اپیل سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۹ نومبر ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر درباره منظوری رخصت ...
چھ ماہ سید مسعود احمد اوورسیر سیکشن دوم میں ابتدا ۱۴ اکتوبر لغایت
۳۰ اپریل ۱۹۳۰ء بعوض مولوی سید محمد عوض سابق۔

حکم

بموجب رپورٹ سید مسعود احمد اوورسیر کی مزید رخصت چھ ماہ بانفصام ... منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشا اجلاس اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۱ نومبر ۱۹۲۹ء

قانون موٹر کاری ریاست رامپور ۱۹۱۹ء میں حسب ذیل ترمیم منظور کیجاتی ہے۔
ترمیم دفعہ ۳۔ دفعہ ۳ قانون مذکور میں بعد الفاظ "برٹش انڈیا کے مطابق" الفاظ "یا کسی دیسی ریاست کے قانون کے مطابق جسکی رجسٹری کا تسلیم کرنے کی نسبت گزٹ ریاست ہذا میں اعلان کر دیا گیا ہو" اضافہ کئے جائیں۔
ترمیم دفعہ ۸۔ دفعہ ۸ قانون مذکور میں بجائے عبارت "ایکٹ موٹر کاری نمبر ۸ ۱۹۱۴ء کے مطابق برٹش انڈیا" حسب ذیل عبارت قائم کیجائے۔
"قانون جو برٹش انڈیا کے مطابق یا کسی دیسی ریاست کے قانون کے مطابق جسکے لائسنس کو تسلیم کرنے کی نسبت گزٹ ریاست ہذا میں اعلان کر دیا گیا ہو"

حکم ہوا کہ

احکام اطلاعی جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشا اجلاس اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۱ نومبر ۱۹۲۹ء

اغراض دفعہ ۵ و ۸ قانون موٹر کاری ریاست رامپور ۱۹۱۹ء کے لئے ریاست بھوپال کی رجسٹری و لائسنس کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا

کہ درج گزٹ کیا جائے

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت دربارہ انتظام اسامی آقا نواب پیشکار مرحوم باتفاق راے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت باتفاق راے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منشی آقا نواب پیشکار کی جگہ کا انتظام حسب ذیل کیا جاتا ہے۔

(۱) منشی محمد علیخان منصرم عدالت سشن جج نے اکمال چھ ماہ کیواسطے بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار مقرر کئے جائیں۔ چونکہ منشی آقا نواب پیشکار مرحوم کے پسماندگان کی پرورش بھی مدنظر ہے۔ لہذا براے تعلیم پسران تا تعلیم مبلغ پچیس روپیہ ماہوار منشی محمد علیخان اپنی تنخواہ سے منشی آقا نواب کی بیوہ کو دیتے رہین۔

(۲) محمد علیخان منصرم جج کی جگہ پر اشفاق حسین خان اہلمد جج باضافہ دس روپیہ بہ تنخواہ پینتیس روپیہ ماہوار مقرر کیا جائے۔

(۳) اسی سلسلہ مین اخلاق حسن خان اہلمد تعمیرات بجاے اشفاق حسین خان اہلمد جج منتقل کیا جائے۔ اور انکو بصورت خاص پانچ روپیہ ماہوار الاونس علاوہ تنخواہ کے دیا جائے۔

سررشتہ صدر سے حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ نومبر ۱۹۲۹ء

مثل درخواست بھگوتی پرشاد اہلمد سررشتہ اصلاح قیود بس صدر باستدعاے رخصت مزید کیاہ۔

حکم

حسب راے حاکم صاحب صدر وسررشتہ دار صاحب صدر رخصت کیاہ مزید بھگوتی پرشاد اہلمد بدوری سشکر دیال دوارکا پرشاد منظور ہے۔ بنصف تنخواہ بھگوتی پرشاد بنصف تنخواہ ہر دو اہلکاران سشکر دیال دوارکا پرشاد کو دیجائے۔ اور سائل کو اطلاع دیجائے کہ آئندہ رخصت نہین ملیگی۔ بخدمت حاکم صاحب صدر براے اجراے احکام کاغذات ارسال ہون۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

سلطان احمد خان انچارج منصرم مطبع کو بیس روپیہ ماہوار تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار الاونس ملتا ہے۔ نامبردہ نے کام محنت سے کیا ہے۔ لہذا پانچ روپیہ ماہوار تنخواہ مین اضافہ کیا جاتا ہے۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

مثل عرضی سید عبدالقایم اہلمد اجلاس دربارہ اضافہ تنخواہ بوجہ تنگی معاش

حکم

سید عبدالقایم اہلمد اجلاس کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۳ نومبر ۱۹۲۹ء

بارہ موضعات علاقہ جدید تحصیل ٹانڈہ زیر بندوبست آ چکے ہین اور انکی ابتدائی بندوبست متعلق اندراج کاغذات موافق موقعہ ہورہی ہے۔ اس نظر سے کہ اندراجات صحیح ہون ضرورت ہے کہ جب تصحیح جمعبندی یا تصحیح کیوٹ یا دخلخارج کا کوئی مقدمہ اجلاس ہاے متعلق مین دائر ہو تو اسکی اطلاع رپورٹ ہاے اجلاس مین آنا چاہئے۔ اور فیصلہ جلد کرکے اسکی اطلاع بھی بھیجا کرے تاکہ اندراج بندوبستی کاغذات کا صحیح کرایا جا سکے۔ مقدمات اضافہ لگان وبٹوارہ اگر دائر ہون تو تا حکم ثانی ملتوی کردیے جائین۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی تحصیل کو وبخدمت سررشتہ دار صاحب صدر بھیجدیجائے۔ ایک نقل ریکارڈ کیجائے

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

تفصیل مواضعات زیر بندوبست جدید

سرکٹیل ۔ چک سرکٹیل ۔ نہل چک ۔ آراضی خواجگی ۔ منوا گیرو ۔ گجوبرہ ۔ ملک سلطان ۔ چک کوندیری ۔ چک کوندیسرا ۔ بہادر پور ۔ چک گیروا ۔ چک کا پور تحصیل ٹانڈہ

تصحیح

گزٹ نمبر ۴۸ ۔ مطبوعہ ۲۵ نومبر ۱۹۲۹ء ۔ صفحہ ۱ کالم اول ۔ سطر ۳۱ مین بجاے مولوی سید حامد شاہ صاحب نے درخواست دی ہے" صحیح ہے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ سوم ماہ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار ۰۶ ار ۶ سر ار ۰۷ ار	۰	۶ ار	۰۷ ار	۷ ار ۰۶ ار	۰۷ ار	
نخود خالص	۵ ار ۵ ار ۰۵ ار	۰	۵ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار	
نخود کنہ آمیز	۵ ار ۰۵ ار	۰	۰۵ ار	۷ ار	۰۵ ار	۵ ار	
گیہوں	۰۶ ار ۰۶ ار	۰	۶ ار	۰۶ ار	۰	۰۵ ار	
ماش	۰۵ ار ۰۵ ار	۰	۵ ار	۰۵ ار	۵ ار	۵ ار	
مونگ	۰۴ ار ۴ ار	۰	۰	۰	۰	۰۴ ار	
مکا	۹ ار ۹ ار	۰	۰۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
جئی	۰۸ ار ۹ ار	۰	۰	۱۰ ار	۴ ار	۱۰ ار	
کودوں	۰	۰	۹ ار	۰	۰	۰۸ ار	
عدس	۶ ار	۰	۰۶ ار	۶ ار	۰	۶ ار	
ارہر	۰۵ ار ۶ ار ۰۶ ار	۰	۰۸ ار	۶ ار	۰	۶ ار	
برنج	۰۴ ار ۵ ار	۰	۵ ار ۶ ار	۰۵ ار	۰۵ ار	۵ ار	
روغن زرد	۳ چھٹانک ۰ چھٹانک	۰	۰۹ چھٹانک	۰۹ چھٹانک	۱۱ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ار	۰	۲ ار	۰۰۲ ار	۰۱ ار	۰۱ ار	
روغن کنجد	۲ ار	۰	۰۲	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۰	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۰	۶ ار	۰	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۰۴ ار ۵ ار	۰	۵ ار	۵ ار	۳ ار	۵ ار	
ابجہیرو	۲ ار ۰۵ ار	۰	۰۶ ار	۰۶	۰	۰۸ ار	

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل اموات												تفصیل امراض								
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۲	۷	۲۲	۷	۴۸	۵۴	۱۴	۱۳	۱۰	۴	۱	۳۰	۱۳	۳۴	۲۵	۵۳	۹	۰	۲	۰	۴۰	۰	۰	۰	۴۲	
گنج	۱۸	۴	۱۴	۲	۳۸	۳۲	۴	۴	۷	۲	۰	۱۲	۳	۲۱	۱۹	۳۸	۵	۱	۷	۳۰	۳	۰	۰	۰	۴۰	
[illegible]	۳	۴۹	۲۳	۲۷	[illegible]	[illegible]	۴	[illegible]	۱۰	۳		۲۲	۲۵	۴۱	۲۸	۲۵	۳۳	۰		۴۹	۰	۱	۰	۱۰	۴۹	
عظیم نگر	۳۰	۱۲	۱۰	۸	۶۶	۲۴	۱۶	۲	۱۰	۲	۶	۲۲	۱۶	۳۸	۲۷	۲۵	۱۲	۳۰	۰	۵	۳۴	۰	۰	۰	۶۳	
شاہ آباد	۲۸	۳۲	۵	۳۰	۵۵	۲۳	۲۲	۱۲	۱۵	۳	۶	۳۲	۱۰	۴۳	۳۵	۱۶	۴۳	۱۲	۰	۴۳	۰	۰	۰	۰	۹۰	
[illegible]	۵	۲۰	۲	۱۷	۵۲	۸	۴۷	۲	۲	۲	۱	۱۱	۱۰	۲	۱۳	۱۳	۷	۰	۰		۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
ملک	۱۷	۲۳	۷	۳۱	۶۲	۲۱	۵۵	۱۰	۷	۱	۳	۱۴	۲	۲۵	۱۸	۷	۳۵	۰		۰	۴۳	۱	۰	۰	۴۴	
بلاسپور	۱۱	۸	۷	۴	۳۲	۱۶	۹	۲	۶	۰	۱	۲۲	۱۹	۲۴	۲۲	۲۶	۲۰	۳	۰	۴۱	۱	۰	۰	۰	۴۲	
کیمری	۱۲	۲۱	۸	۱۶	۶۳	۴۴	۴۰	۳۰	۲۳	۲	۲	۳	۱۵	۹۲	۴۵	۴۲	۹۵	۳۹	۱۴	۰	۵۳	۱	۰	۰	۱۰۸	
سوار	۱۸	۲۴	۱۲	۱۸	۶۷	۳۳	۴۲	۱۰	۹	۱	۰	۲۲	۱۱	۳۳	۲۰	۲۷	۲۷	۰	۰	۰	۵۱	۲	۰	۰	۵۳	
ٹانڈہ	۱۹	۲۳	۱۲	۱۰	۶۸	۳۵	۳۳	۱۹	۱۳	۳	۵	۱۴	۱۲	۳۶	۳۰	۴۵	۲۱	۸	۰	۰	۵۷	۰	۱	۰	۶۶	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۵	—	۰	[illegible]	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور